تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 26 2024

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پچھترواں یوم جمہوریہ دیش بھکتی کے جذبے اور ترقی یافتہ بھارت کے عزم کے ساتھ منایا گیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں آج پچھترواں یوم جمہوریہ انتہائی جوش وخروش اور دیش بھکتی کے جذبے سے منایا گیا۔جشن یوم جمہوریہ کا آغاز پروگرام کے مہمان خصوصی کارگزار شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر اقبال حسین کے ڈاکٹر ایم اے انصاری آڈیٹوریم کے سبزہ زار پر قومی پرچم کو لہرانے کے ساتھ ہوا۔ترنگے کو لہرانے کے بعد این سی سی کیڈٹ، این ایس ایس رضا کاروں ،تدریسی وغیر تدریسی عملہ اور حاضرین نے جو شدید سردی کے باوجود یوم جمہوریہ تقریب میں حصہ لینے آئے تھے قومی ترانہ گایا۔قومی ترانے کی نغمہ سرائی کے بعد کارگزار شیخ الجامعہ نے ہندی اور انگریزی میں ترقی یافتہ بھارت کا عہد لیا گیا۔

ڈاکٹر ایم اے انصاری آڈیٹوریم کے اندر جشن یوم جمہوریہ کی تقریب تلاوت کلام پاک سے شروع ہوئی اس کے بعد طلبا نے جامعہ کا ترانہ پیش کیا۔ پروفیسر سیمی فرحت بصیر نے پروگرام کے مہمان خصوصی اور دیگر مندوبین کا باقاعدہ خیر مقدم کیا جس کے بعد ایک طالب علم نے پر جوش تقریر کی۔

کارگزار شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر اقبال حسین نے ہندوستان کی آزادی کے لیے مجاہدین آزادی کی طرف سے پیش کی گئی قربانیوں کو اجاگر کیا اور ساتھ ہی ہندوستان کو مضبوط آزاد جمہوریہ بنانے کے لیے ان کی کوششوں کو بھی اجاگر کیا۔ انھوں نے اس موقع پر جدوجہد آزادی میں معماران جامعہ کی خدمات اور ان کے رول کا بھی ذکر کیا۔انھوں نے یہ بھی کہا کہ انتہائی معمولی اور سادہ شروعات کے بعد آج جامعہ ملک کے سرکردہ اداروں میں سے ایک ہے اور انتہائی اہمیت کا حامل ادارہ بننے کے لیے کوشاں ہے۔

اس موقع پر کارگزار شیخ الجامعہ نے کہا کہ ’آج ہم نے ترقی یافتہ بھارت کے جملہ شعبہ ہائے حیات میں معیار کے لیے کوشش کا عہد لیا ہے۔اس سلسلے میں صاف وشفاف، زیادہ بہتر معیاری بھارت کے لیے شعور کو فروغ دینا، ’ووکل فار لوکل‘ کی مہم کو فروغ دے کر اسے اپنانا اور اختراعیت، سلیت اور متواتر بہتری کے فروغ کی حوصلہ افزائی کے لیے پابندی عہد اور دیسی مصنوعات کو بڑھاوا دے کر معاشی ترقی کو فروغ دینا اور خود کفالت کو فروغ دینے کے لیے آج ہم نے عہد کیا ہے‘۔

پروفیسر اقبال حسین نے کہا کہ ' آیئے ہم اس بات کا بھی عہد کریں کہ ہم زیادہ جامع اور مساوات پر مبنی معاشرے کی تعمیر و تشکیل کے لیے ساتھ مل کر کام کریں گے جہاں ہمارے آئین کے اصول صرف کاغذی باتیں نہیں ہوں گی بلکہ ہماری زندگی سے ان کا گہرا رشتہ ہوگا۔ آیئے آج کے دن کا جوش وخروش اور فخر کے ساتھ جشن منائیں اور وعدہ کریں کہ ایک بہترین شہری بنیں گے۔"

کارگزار شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر اقبال حسین نے اس موقع پر جامعہ کی ایم ایف حسین آرٹ گیلری میں 'دی وژن۔ این ایکزیبیشن آن پروگریسیو اسٹوری آف ایجوکیشن اینڈ وکست بھارت ایٹ دی ریٹ ٹوینٹی فورٹی سیون' کے عنوان پر نمائش کا بھی افتتاح کیا۔ افتتاح کے موقع پر پروفیسر بندولیکا، ڈین، فیکلٹی آف فائن آرٹس، جامعہ ملیہ اسلامیہ، دیگر ڈین اور معزز مہمانان بھی موجود تھے۔ نمائش میں ہندوستان اور اس کی ترقی و بہبود کو مرکز میں رکھ پینٹنگس، سنگ تراشی، پرنٹس، اتھکس اور کشیدہ کاری کے اختراعی نمونے پیش کیے گئے تھے۔

شیخ الجامعہ کی تقریر کے بعد جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مختلف اسکولوں کے طلبا نے ثقافتی پروگرام پیش کیے۔

پروفیسر ناظم حسین جعفری، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے شکریے کی رسم ادا کی۔ اخیر میں حاضرین نے قومی ترانہ گایا جس کے بعد پروگرام کے اختتام کا اعلان کیا گیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی